نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں گندم اور تیلدار اجناس کے پیداواری مقابلہ جات 24-2023 میں صوبائی سطح پر جیتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں کے ناموں کی حتمی منظوری دی گئی

لاہور: 13 جون 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔اس موقع پر گندم اور کینولہ کے پیداواری مقابلہ جات 24-2023 میں نامزد کمیٹیوں کی سفارشات پر کامیاب ہونے والے کاشتکاروں کے ناموں کی حتمی منظوری دی گئی۔گندم کے پیداواری مقابلہ جات ڈی جی خان ڈویژن کے شاہد عباس ولد عبدالکریم نے 88.6 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے صوبہ بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ضلع بہاولپور کے زاہد اقبال ولد محمد اقبال نے 74 من فی ایکڑ ضلع شیخوپورہ کے غلام مرتضی ولد چوہدری جلال دین نے 72.2 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ گندم کے پیداواری مقابلہ میں 24-2023 صوبائی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب کا کاشتکار کو 6 لاکھ روپے نقد جبکہ دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کو بالترتیب 5 لاکھ اور 4 لاکھ روپے نقد انعام دیے جائیں گے۔بعدازاں، کینولہ کے پیداواری مقابلہ میں نامزد کمیٹی کی سفارشات کی بناپر صوبائی سطح پر مظفر گڑھ کے عمر فاروق ولد محمود احمد کو 40.39 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کرنے پر اول قرار دیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کینولا کے پیداواری مقابلہ میں جیتنے والے خوش نصیب کا اشکار کو 5 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائے گا۔اجلاس میں صوبائی کمیٹی کے ممبران سپیشل سیکرٹری زراعت شہنشاہ فیصل عظیم، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چودری عبدالحمید، زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ پنجاب ڈاکٹر عبدالقیوم اور ڈائریکٹر پنجاب سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی

☆☆☆☆